16/05/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر دفاع

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ پاکستان کی طرف سے دہشت گردی کی کسی بھی کوشش کو جنگی کاروائی مانا جائے گا ۔ بادامی باغ فوجی چھاونی پر بھارتی فوج کے جوانوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کو اپنی فوج پر فخر ہے۔اس موقعے پر یفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، فوج کے سربراہ جنرل اوپیندری دیودی اور کئی دیگر اعلیٰ فوجی افسران بھی موجود تھے ۔

یفٹنٹ گورنر نے اس موقعہ پر بہادر مسلح افواج کو آپریشن سندور کی کامیابی اور پاکستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تہس نہس کرنے پر سلام پیش کیا ہے ۔ وزیر اعلیٰ نے فرائض کی انجام دہی کے دوران بہادری اور غیر متزل عزم کا مظاہرہ کرنے کیلئے فوجی جوانوں کی حوصلہ افزائی کی۔

وزیر خارجہ

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت اور پاکستان کے درمیان کسی تیسرے ملک کی ثالثی کو خارج از امکان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ صرف پاکستانی مقبوضہ کشمیر سے متعلق بات ہو گی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ سندھ طاس آبی معاہدہ اس وقت تک معطل رہے گا جب تک کہ پاکستان اپنی سرزمین پر دہشت گردی کے خلاف سنجیدگی سے کوئی کاروائی نہیں کرتا ۔

DGMOs

اس دوران فوجی ذرائع کا کہنا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے مابین حالیہ کشیدگی کے بعد دس مئی کو دونوں ملکوں کے ملٹری آپریشنز کے ڈائریکٹر جنرلوں کے درمیان ہوئی جو بات چیت

اور مفاہمت طے پائی ، اس کے تحت اعتماد سازی کے اقدامات جاری رہیں گے تاکہ چوکسی کی سطح کو کم کیا جا سکے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ سرکار سیاحتی شعبے کو ہر طرح کی معاونت فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ وہ سرینگر میں ٹورازم سیکٹر سے وابستہ افراد کے ساتھ ایک میٹنگ میں بول رہے تھے، جس دوران حا؛یہ دنوں پیدا ہوئی صورتحال کے نتیجے میں اس سیکٹر پر مرتب ہوئے اثرات کا جائزہ؛یا گیا۔ انہوںنے کہاکہ سیاحتی سیکٹر کو ترقی کے نئے منازل سے ہمکنار کرانے کے؛ئے اس شعبے سے وابستہ افراد کی قیمتی تجاویز پر غور کیا جائے گا۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے راجوری کے نوشیرہ سب ڈویژن میں سرحدی علاقوں کا دورہ کر کے فائرنگ اور شیلنگ سے متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے ۔ اس دوران انہوں نے زمینی صورتحال کا مشاہدہ کرنے کے علاوہ متاثرہ کنبوں کے اہل خانہ سے بات چیت کی اور عوامی شکایات کا بر سر موقع جائزہ؛یا ۔

کمشنر سیکریٹری

مکانات و شہری ترقی کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور نے سرینگر کا دورہ کر کے اہم شہری کے کمشنر SMC ترقیاتی پروجیکٹوں پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ؛یا ۔ ان کے ہمراہ ڈاکٹر اویس احمد اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی تھے ۔ انہوں نے عید گاہ ، برار نمبل ، رکھ آرت اور پارمپورہ کا خاص طور پر دورہ کیا ۔

طبی کیمپ

ضلع؛یگل سروسز اتھارٹی سرینگر اور محکمہ ہیلتھ سروسز کشمیر کی جانب سے ” احاطہ وقار“ چھانہ پورہ سرینگر میں ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جبکہ نیشنل؛یگل سروسز اتھارٹی کی ہیلپ لائن 15100 کی نسبت سے ایک جانکاری پروگرام بھی منعقد کیا گیا ۔

پروگرام کی صدارت پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج سرینگر تسلیم عارف نے کی ۔

شوپیان

ضلع انتظامیہ شوپیان قبائلی طبقوں کی دائمی ترقی یقینی بنانے کی سمت میں ایک بڑے قدم کے طور پر دھرتی آبا جن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان نام کے فلیگ شپ پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کےلئے تیار ہے ۔ یہ ملک گیر مہم گزشتہ سال شروع کی گئی تھی ، جس کے تحت قبائلی علاقوں کو با اختیار بنائے جانے اور ان کے عوام کےلئے ضروری بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کےلئے کام کیا جاتا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوپور ، میونسپل کونسل آفس اور تحصیل آفس کا دورہ کر کے ان دفاتر میں عوامی خدمات کی ڈیلوری اور مجموعی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ملازمین کی حاضری کا بھی جائزہ لیا اور عملے کو ہدایت دی کہ وہ با قاعدگی کے ساتھ اپنی ڈیوٹی پر حاضر رہیں ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے پرائمری ہیلتھ سینٹر نِہامہ کا دورہ کر کے وہاں مریضوں کےلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اسپتال میں درکار ضروری ساز و سامان اور ادویات کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا۔اس دوران ڈپٹی کمشنر موصوف نے نہامہ کے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کا بھی دورہ کیا اور ادارے کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔

کھیل

انڈور سپورٹس کمپلیکس وزیر باغ سرینگر میں زونل ڈسٹرکٹ لیول کھیل مقابلوں کا آغاز ہو گیا ہے ، جن کا افتتاح محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے جوائنٹ ڈائریکٹر کشمیر محمد رشید کوہلی نے کیا ۔ کھیلوں کے اس پروگرام میں قریب 350 ایتھلیٹ بیڈ منٹن ، شطرنج ، ٹیبل ٹنس ، سافٹ بال اور بیس بال جیسے کھیلونمیں اپنا ہنر منوائیں گے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ